Hampshire County Council
Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

# اگر میرے بچے کو خصوصی تعلیمی ضروریات اور/یا معذوری (SEND) ہو تو؟



یہ کتابچہ ان والدین/ دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے ہے جو ان بچوں کے لیے اسکولوں میں دستیاب سہولیات سے واقف نہیں ہیں جنہیں خصوصی تعلیمی ضروریات اور/یا معذوری (SEND) ہو۔ اس میں والدین/ دیکھ بھال کرنے والوں کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ایسی اصطلاحات کی وضاحت بھی دی گئی ہے جو آپ کو SEND کے بارے میں اسکول کے عملے سے بات کرتے وقت سننے کو مل سکتی ہیں۔

جون 2024

Hampshire County Council
Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## خصوصی تعلیمی ضروریات اور/یا معذوری (SEND) سے کیا مراد ہے؟

کسی بچے یا نوجوان کو خصوصی تعلیمی ضروریات اور/یا معذوری (**SEND**) اس وقت ہوتی ہے جب اسے سیکھنے میں کسی دشواری یا معذوری کی وجہ سے خصوصی تعلیمی سہولیات کی ضرورت ہو۔ انگریزی بطور اضافی زبان (EAL) ہونا سیکھنے میں دشواری یا معذوری نہیں ہے، لہٰذا اسے **SEND** نہیں سمجھا جاتا۔ بعض بچوں کو بیک وقت EAL اور **SEND** دونوں ہو سکتے ہیں۔

## 'خصوصی تعلیمی سہولیات' سے کیا مراد ہے؟

دو سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے، خصوصی تعلیمی سہولیات سے مراد ایسی تعلیم یا تربیت ہے جو اسی عمر کے دوسرے بچوں یا نوجوانوں کو دی جانے والی تعلیم یا تربیت سے مختلف ہو۔ دو سال سے کم عمر کے بچے کے لیے، خصوصی تعلیمی سہولیات سے مراد کسی بھی قسم کی تعلیم ہے۔

## یہ فیصلہ کون کرتا ہے کہ کسی بچے کو SEND ہے؟

یہ بچے کی عمر اور اس کے SEND کی نوعیت پر منحصر ہوتا ہے۔- عام طور پر یہ فیصلہ تعلیمی ماہرین (مثلاً EMTAS ، **EPs**، نرسری کا عملہ، کلاس اساتذہ، مضمون کے اساتذہ، ماہر اساتذہ اور**SENDCos**) اور/یا صحت کے شعبے کے ماہرین ( مثلاً ڈاکٹر، **CAMHS** کا عملہ، ہیلتھ وزیٹرز، بچوں کے ماہر ڈاکٹر، کنسلٹنٹس، اور سپیچ اینڈ لینگویج تھراپسٹس ) والدین/دیکھ بھال کرنے والوں اور بچے یا نوجوان سے مشاورت کے بعد کرتے ہیں۔

## یہ ماہرین کیسے فیصلہ کرتے ہیں کہ کسی بچے کو **SEND** ہے؟

اس کا فیصلہ مختلف طریقوں سے کیا جا سکتا ہے۔ **SEND** کی بعض اقسام کے لیے مخصوص ٹیسٹ دستیاب ہو سکتے ہیں۔ دیگر صورتوں میں مختلف ذرائع سے شواہد جمع کیے جا سکتے ہیں۔ ان میں مشاہدات، ماہرین کے مشورے، آپ کے بچے کی پیش رفت کا جائزہ، والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کے سوالنامے، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو آپ کے بچے کی رائے لینا شامل ہو سکتا ہے۔ فیصلے ہمیشہ بچے کے بہترین مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے جاتے ہیں۔

## کیا میرے بچے کو کسی دوسرے اسکول میں جانا پڑے گا؟

**SEND** والے زیادہ تر بچے اور نوجوان اپنے مقامی **مین اسٹریم (Mainstream)** نرسری، اسکول یا کالج میں جا سکتے ہیں۔ **EHCP** والے بعض بچوں کے لیے کسی مختلف تعلیمی ماحول میں جانا فائدہ مند ہو سکتا ہے، مثلاً **Resourced Provision** یا **Special School** ۔ تاہم، آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ یہ بتا سکیں کہ آپ اپنے بچے کو کس اسکول میں بھیجنا چاہتے ہیں۔ آپ کی خواہشات کا احترام کیا جانا چاہیے، جب تک کہ انہیں قبول نہ کرنے کی کوئی معقول وجہ موجود نہ ہو، مثلاً آپ کا

Hampshire County Council

Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

منتخب کردہ اسکول آپ کے بچے کی عمر یا صلاحیت کے لیے موزوں نہ ہو۔ اگر **EHCP** میں کسی اسکول کا نام درج ہو، تو اس اسکول کے لیے بچے کو داخلہ دینا لازمی ہے۔ تاہم، اگر اسکول میں تمام جگہیں پُر ہوں تو داخلہ ملنے میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

## اسکول نے کہا ہے کہ میرے بچے کو EHCP کی ضرورت ہے۔ اس کا کیا مطلب ہے؟

اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی رضامندی سے اسکول چاہتا ہے کہ مقامی اتھارٹی (Local Authority) آپ کے بچے کی خصوصی تعلیمی ضروریات کا باضابطہ جائزہ لے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اسکول کا خیال ہے کہ آپ کے بچے کو خصوصی تعلیمی سہولیات کی ضرورت ہے۔ اگر درخواست منظور ہو جائے تو اس کے نتیجے میں ایک EHCP جاری کیا جائے گا۔ EHCP کے ذریعے اسکول کو اضافی معاونت فراہم کرنے کے لیے اضافی فنڈنگ مل سکتی ہے۔ یا، اگر یہ آپ کے بچے کے لیے موزوں ہو، تو اسے Resourced Provision یا Special School میں جگہ مل سکتی ہے۔

## اسکول میرے بچے کے لیے EHCP کی درخواست کیسے کرے گا؟

درخواست کا عمل شروع کرنے کے لیے اسکول آپ سے اجازت طلب کرے گا۔ وہ آپ سے ایک فارم ('Our Story') کا ایک حصہ پُر کرنے اور اس پر دستخط کرنے کے لیے کہیں گے۔ اس فارم میں آپ کے بچے کے پس منظر سے متعلق معلومات، آپ کی رائے، اور آپ کے بچے کی رائے طلب کی جاتی ہے۔ اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ اس سلسلے میں مترجم کی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

اسکول آپ سے یہ اجازت بھی طلب کر سکتا ہے کہ درخواست کے لیے شواہد فراہم کرنے والے دیگر ماہرین کے پاس ریفرل بھیجا جا سکے۔ مقامی اتھارٹی (Local Authority) یہ فیصلہ کرے گی کہ آیا آپ کے بچے کی ضروریات کا باضابطہ جائزہ لیا جائے یا نہیں ۔ اگر وہ آگے بڑھنے کا فیصلہ کریں، تو وہ دیگر ماہرین سے مزید شواہد طلب کریں گے۔ بعد ازاں، تمام معلومات کا جائزہ لینے کے بعد وہ حتمی فیصلہ کریں گے۔

مقامی اتھارٹی اپنے فیصلے سے آپ کو تحریری طور پر آگاہ کرے گی۔ اگر آپ اس فیصلے سے متفق نہ ہوں تو آپ کو اپیل کرنے کا حق حاصل ہے۔ اسے Mediation کہا جاتا ہے۔ اس کے بعد منصوبے (Plan) کا ایک ابتدائی مسودہ (Draft) تیار کیا جائے گا۔ آپ کو اس مسودے کے بارے میں اپنی رائے دینے اور کسی بھی ایسی بات کی نشاندہی کرنے کا موقع ملے گا جس سے آپ متفق نہ ہوں۔ آپ کے اسکول کا **SENDCo** اس پورے عمل سے متعلق آپ کے سوالات کے جواب دے سکے گا۔

## میرے بچے کو کیا مدد ملے گی؟

یہ آپ کے بچے کی ضروریات پر منحصر ہوگا۔ اس میں **TA** کی طرف سے کلاس روم میں 1:1 مدد، یا اسکول کے **ELSA** کے ساتھ 1:1 یا چھوٹے گروپ سیشن شامل ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، آپ کے بچے کو خصوصی آلات یا سپیچ اینڈ لینگویج تھراپی **(SALT)** اور آکیوپیشنل تھراپی **(OT)** جیسی تھراپیز فراہم کی جا سکتی ہیں۔ آپ کے اسکول کا **SENDCo** آپ کے بچے کو ملنے والی مدد کے بارے میں تفصیلی معلومات دے سکے گا۔

Hampshire County Council

Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

## میرے بچے کی ہمارے آبائی ملک میں SEND کی تشخیص ہوئی ہے۔ کیا اسے برطانیہ میں تسلیم کیا جائے گا؟

عام طور پر ہاں، لیکن اگر **EHCP** کے لیے درخواست دی جا رہی ہو تو تشخیص کرنے والے ماہر کی رپورٹ عموماً بطور ثبوت درکار ہوگی۔ اگر رپورٹ انگریزی میں نہ ہو تو اس کا ترجمہ شدہ نسخہ بھی درکار ہو سکتا ہے۔

## کیا والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے کوئی مدد دستیاب ہے؟

ہیمپشائر کی **Local Offer** ویب سائٹ پر آپ کے بچے کے لیے مدد اور سہولیات حاصل کرنے کے بارے میں بہت سی مفید معلومات موجود ہیں۔ **SENDIASS** ایک اور مفید سروس ہے جو **SEND** سے متعلق معلومات، مشورہ اور مدد فراہم کرتی ہے۔ اس میں مالی مدد اور **EHCP** کے عمل کے دوران معاونت بھی شامل ہے۔ اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ مترجم کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## کیا ہمیں گھر میں صرف انگریزی استعمال کرنی چاہیے؟

نہیں، گھر میں اپنی مادری زبان کا استعمال جاری رکھنا ضروری ہے۔ اس سے اس بات پر کوئی اثر نہیں پڑے گا کہ آپ کا بچہ کتنی جلدی انگریزی سیکھتا ہے۔

# عام طور پر استعمال ہونے والی اصطلاحات کی فہرست

| | |
|---|---|
| **CAMHS** | بچوں اور نوجوانوں کی ذہنی صحت کی سروس<br>(Child and Adolescent Mental Health Service)<br>**CAMHS** ان بچوں اور نوجوانوں کی مدد کرتا ہے جنہیں ذہنی صحت کے مسائل کا سامنا ہو۔ یہ نیشنل ہیلتھ سروس (NHS) کا حصہ ہے۔ آپ کی اجازت سے، آپ کے بچے کے ڈاکٹر (GP) یا اسکول کی جانب سے اس سروس کے لیے ریفرل کیا جا سکتا ہے۔ والدین یا دیکھ بھال کرنے والے بھی ریفرل کر سکتے ہیں۔ ہیمپشائر **CAMHS** کی ویب سائٹ یہاں دیکھی جا سکتی ہے :<br>https://hampshirecamhs.nhs.uk/ |
| **Children's Therapy Service**<br>بچوں کی تھراپی سروس | یہ NHS کی ایک سروس ہے جو اُن بچوں کے ساتھ کام کرتی ہے جنہیں بعض مہارتیں سیکھنے کے لیے مدد کی ضرورت ہو۔ اس میں سپیچ اینڈ لینگویج تھراپی، فزیوتھراپی اور آکیوپیشنل تھراپی شامل ہیں۔ آپ کی اجازت سے، اس سروس کے لیے ریفرل آپ کے GP یا آپ کے بچے کے اسکول |

| | |
|---|---|
| | کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں : Children's Therapy Service \| Solent |
| **EP** | تعلیمی ماہر نفسیات<br>(Educational Psychologist)<br>EP بچوں، خاندانوں اور اسکولوں کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ وہ سیکھنے سے متعلق مسائل اور دیگر امور، جیسے بچوں کے جذبات اور روّیے، کے بارے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ آپ کے بچے کے اسکول کی جانب سے EP کو ریفرل کرنے سے پہلے آپ کی رضامندی لی جائے گی۔ EP کیا کرتے ہیں، اس بارے میں مزید معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں Information for parents and carers \| Hampshire County Council (hants.gov.uk) |
| **EHCP** | تعلیم، صحت اور نگہداشت کا منصوبہ<br>(Education and Health Care Plan)<br>یہ ایک قانونی دستاویز ہے جو بچے کے **SEND** کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔ اس میں بچے کو درکار مدد اور اس مدد سے حاصل ہونے والے نتائج درج ہوتے ہیں۔ اس میں اس اسکول، کالج یا دیگر تعلیمی ادارے کا نام بھی شامل ہوتا ہے جہاں بچہ تعلیم حاصل کرے گا۔<br>ہر سال ایک ملاقات منعقد کی جاتی ہے جسے سالانہ جائزہ (Annual Review) کہا جاتا ہے۔ آپ کو اس میں شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ اس ملاقات میں آپ کے بچے کی پیش رفت پر بات کی جائے گی اور یہ دیکھا جائے گا کہ دی جانے والی مدد میں کسی تبدیلی کی ضرورت ہے یا نہیں۔<br>جن بچوں کو زیادہ مدد کی ضرورت ہو، ان کے لیے **EHCP** 25 سال کی عمر تک جاری رہ سکتا ہے۔ **خصوصی اسکول** (Special School) یا **ریسورسڈ پرووِیژن** (Resourced Provision) میں جگہ حاصل کرنے کے لیے عموماً بچے کے پاس **EHCP** ہونا ضروری ہوتا ہے۔<br>تاہم، بعض غیر معمولی حالات میں وہاں تعلیم شروع کرنے کے بعد بھی EHCP کے لیے درخواست دی جا سکتی ہے۔ |
| **Education Centres/Alternative Provision**<br><br>**ایجوکیشن سینٹرز / متبادل تعلیمی انتظامات** | یہ سال 7 سے 11 تک کے اُن بڑے بچوں کے لیے متبادل تعلیمی انتظامات ہیں جو مین اسٹریم اسکول یا خصوصی اسکول (Special School) میں تعلیم حاصل نہیں کر سکتے۔ یہ اُن بچوں کے لیے ہوتے ہیں جنہیں مستقل طور پر اسکول سے نکالے جانے کا خطرہ ہو، جو مستقل طور پر اسکول سے نکالے جا چکے ہوں، یا جن کی جسمانی یا ذہنی صحت کی ایسی ضروریات ہوں جن کی وجہ سے وہ اسکول نہیں جا سکتے۔ برطانیہ کے بعض دیگر علاقوں میں انہیں Pupils Referral Units (PRUs) کہا جاتا ہے۔ |

Hampshire County Council
Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

| | |
|---|---|
| **ELSA** | جذباتی معاونت کرنے والا معاون (Emotional Literacy Support Assistant)<br>یہ وہ فرد ہوتا ہے جسے ایسے بچوں کی معاونت کے لیے تربیت دی گئی ہو جنہیں اپنے جذبات کو قابو میں رکھنے یا ان کا توازن برقرار رکھنے میں دشواری پیش آتی ہے۔ |
| **IEP/IBP** | انفرادی تعلیمی منصوبہ / انفرادی رویے کا منصوبہ<br>(Individual Education Plan/Individual Behaviour Plan)<br>یہ وہ دستاویزات ہیں جن میں مقاصد اور حکمتِ عملیاں درج ہوتی ہیں جو آپ کے بچے کی سیکھنے یا اسکول میں اچھا رویہ اپنانے میں مدد کرتی ہیں۔ آپ کے بچے کی پیش رفت کا جائزہ لینے اور یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ آیا کسی تبدیلی کی ضرورت ہے یا نہیں، ان کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا ہے۔ |

Hampshire County Council

Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

| | |
|---|---|
| **Local Offer**<br>**لوکل آفر** | یہ کسی مخصوص مقامی علاقے میں **SEND** والے بچوں اور نوجوانوں کے لیے دستیاب خدمات سے متعلق معلومات کا مجموعہ ہے۔ یہ عام طور پر آن لائن دستیاب ہوتا ہے۔ 'لوکل آفر' ( **Local Offer**) میں تعلیم، صحت، سماجی دیکھ بھال، بالغ زندگی کی تیاری اور تفریحی خدمات کے بارے میں معلومات شامل ہوتی ہیں۔ ہیمپشائر (Hampshire) کی **'لوکل آفر'** یہاں دیکھی جا سکتی ہے: https://fish.hants.gov.uk/kb5/hampshire/directory/localoffer.page |
| **Mainstream School**<br>**مین اسٹریم اسکول** | ایسا اسکول جہاں تمام بچے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں، جن میں **SEND** والے بچے بھی شامل ہیں۔ |
| **OT** | آکیوپیشنل تھراپی (Occupational Therapy - OT)<br>یہ اُن **SEND** بچوں کی مدد کے لیے ہے جنہیں روزمرہ کے کام سیکھنے اور انجام دینے میں مدد کی ضرورت ہو۔ آکیوپیشنل تھراپسٹ خصوصی آلات فراہم کر سکتے ہیں یا بچے کے گھر میں ضروری تبدیلیوں کا انتظام کر سکتے ہیں۔ |
| **Outreach Support**<br>**آؤٹ ریچ سپورٹ** | وہ مدد اور رہنمائی جو کسی خصوصی اسکول (Special School) کی جانب سے مین اسٹریم اسکول **(Mainstream School)** کے عملے اور **SEND** والے بچوں کو فراہم کی جاتی ہے۔ |
| **Portage**<br>**پورٹیج** | یہ پری اسکول عمر کے اُن بچوں کے لیے ایک سروس ہے جنہیں **SEND** ہو۔ یہ گھر پر کھیل اور نئی مہارتیں سیکھنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔ اس سروس کے لیے والدین، NHS کے ماہرین، پری اسکول، نرسریاں اور چائلڈ مائنڈرز ریفرل کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات اور ریفرل فارم یہاں دستیاب ہیں:<br>[SfYC Portage Support \| Children and Families \| Hampshire County Council (hants.gov.uk)](SfYC Portage Support) |
| **Resourced Provision**<br>**ریسورسڈ پروویژن** | یہ عام تعلیمی اسکول (Mainstream School) کے اندر ایک خصوصی شعبہ ہوتا ہے۔ یہ **SEND** کے کسی مخصوص شعبے، مثلاً سماعت یا بصارت کی معذوری، میں مہارت رکھتا ہے۔ **SEND** والے بچے دن کا زیادہ تر وقت عام اسکول کی کلاسوں میں گزار سکتے ہیں اور باقی وقت ریسورسڈ پروویژن میں گزارتے ہیں ۔ |
| **SEN** یا **SEND** | خصوصی تعلیمی ضروریات (Special Educational Needs - SEN)<br>یا<br>خصوصی تعلیمی ضروریات اور/یا معذوریاں<br>(Special Educational Needs and Disabilities - SEND) |

Hampshire County Council
Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

| | |
|---|---|
| **SENCo یا SENDCo** | خصوصی تعلیمی ضروریات کے رابطہ کار<br>(Special Educational Needs Co-ordinator)<br>اسکول میں ایک ایسا استاد جو اُن تمام بچوں کی ذمہ داری سنبھالتا ہے جنہیں **SEND** ہو۔ |
| **SENDIASS** | یہ **SEND** والے بچوں کے والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے ایک سروس ہے۔ یہ **SEND** کے بارے میں معلومات، مدد اور مشورہ فراہم کرتی ہے۔ آپ ان کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کر سکتے ہیں: https://www.hampshiresendiass.co.uk/<br>اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہو تو SENDIASS اس کا انتظام بھی کر سکتی ہے۔ |
| **SALT** | سپیچ اینڈ لینگویج تھراپی (Speech and Language Therapy)<br>ایسے بچوں کے لیے مدد جو بولنے اور/یا زبان کو سمجھنے میں مشکلات کا سامنا کرتے ہوں۔ |
| **Special School** | ایسا اسکول جو اُن بچوں کے لیے ہوتا ہے جنہیں **SEND** ہو اور جنہیں زیادہ مدد کی ضرورت ہو۔ ان اسکولوں میں ماہر عملہ اور خصوصی وسائل موجود ہوتے ہیں۔ **خصوصی اسکول** میں جگہ حاصل کرنے کے لیے عموماً بچے کے پاس **EHCP** ہونا ضروری ہوتا ہے۔ |
| **TA or LSA** | ٹیچنگ اسسٹنٹ (Teaching Assistant)<br>یا<br>لرننگ سپورٹ اسسٹنٹ (Learning Support Assistant)<br>ان کا کام بچوں کی تعلیم میں مدد کرنا ہوتا ہے۔ اگر کسی بچے کو زیادہ مدد کی ضرورت ہو تو بعض اوقات ایک TA خاص طور پر اسی بچے کی مدد کے لیے مقرر کیا جاتا ہے۔ دوسرے TAs کلاس میں متعدد بچوں کے ساتھ کام کر سکتے ہیں، جن میں کچھ **SEND** والے بچے ہوتے ہیں اور کچھ ایسے بچے بھی ہوتے ہیں جنہیں **SEND** نہیں ہوتا۔ |

## آپ کے نوٹس کی جگہ